حیسکو پریس ریلیز مورخہ 13.10.2026

حیسکو چیف ایگزیکٹیو آفیسر فیض اللہ ڈاہری وزیراعظم پیکج کے تحت مرحوم ملازمین کی بیواؤں اور لواحقین کے درمیان اسسٹنٹ پیکج کے تحت مالی امداد کے چیکس تقسیم کیے گئے۔ حیسکو ترجمان



حیدرآباد (پ ر) حیسکو ترجمان کے مطابق حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری نے کانفرنس ہال میں وزیراعظم پیکج کے تحت 11 مرحوم ملازمین کی بیواؤں اور لواحقین میں اسسٹنٹ پیکج کے تحت مجموعی طور پر 2 کروڑ 21 لاکھ روپے کی مالی امداد کے چیکس تقسیم کیے۔ اس موقع پر چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری نے کہا کہ مرحوم ملازمین کے خاندانوں کی مالی معاونت حیسکو کی ذمہ داری ہے اور وزیراعظم پیکج کے تحت مستحق بیواؤں اور لواحقین کو ان کا حق بروقت فراہم کیا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حیسکو اپنے ملازمین اور ان کے خاندانوں کی فلاح و بہبود کے لیے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے گا۔ مالی امداد کے چیکس حاصل کرنے والوں میں مسمات شبانہ مقبول بیوہ (مرحوم) محمد مقبول، مسمات نیلوفر بیوہ (مرحوم) حنیف غوری، مسمات زاہد بیوہ (مرحوم) طاہر محمود، مسمات شازیہ بیوہ (مرحوم) ذوالفقار علی، مسمات زرینہ بیوہ (مرحوم) گل حسن، مسمات حکیمہ بیوہ (مرحوم) محمد اقبال، مسمات شہزادی بیگم بیوہ (مرحوم) محمد عمر، مسمات فرزانہ بیوہ (مرحوم) شکیل، مسمات شمیم بانو بیوہ (مرحوم) عبدالستار، مسمات ساجدہ خانم بیوہ (مرحوم) محمد عمران اور مسمات عائشہ ناز بیوہ (مرحوم) ندیم احمد شامل ہیں اس موقع پر حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کے ہمراہ ڈی جی ایچ آر اینڈ ایڈمن شفیق احمد میمن، منیجر (ایڈمن) سیف الدین میمن، منیجر (ایچ ایس ای اینڈ ایس ایم) آصف شیراز، ڈپٹی ڈائریکٹر (سروسز) علی خان جمالی، ڈپٹی ڈائریکٹر (سیفٹی) سید مختیار حسین شاہ، ایکسین (سول) ظفر سومرو، ڈپٹی منیجر (ٹیکس اینڈ بینکنگ) افتخار پھنور، ڈپٹی ڈائریکٹر (پبلک ریلیشنز) محمد صادق کبر، ایس ڈی او/کوآرڈینیٹر ولید اچانڈیو، قائد مزدور عبدالطیف نظامانی مرکزی صدر آل پاکستان واپڈا ہائیڈرو الیکٹرک یونین (سی بی اے)، اقبال خان موجود تھے۔